نمبر (۵) جلد (۴۲)

گزٹ ریاست رامپور

RAMPUR STATE GAZETTE.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ رمضان المبارک ۱۳۴۸ھ مطابق ۳ فروری سنہ ۱۹۳۰ء

فہرست مضامین

شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ
۱	رخصت نائب منصرم فیلخانہ -	۱
۲	" منصرم مہمانخانہ -	۲
۳	تقرر کپتان دلاور حسین صاحب بجائے میجر سید محمود شاہ صاحب وغیرہ و احکام	۲
۴	منظوری ٹھیکہ لکڑی و کوئلہ	۲
۵	" بیرم حکام -	۲
۶	رخصت نگران صاحب باغ چھانہ جات	۲
۷	اضافہ اسسٹنٹ انجینیر صاحب روشنی برقی -	۳
۸	رخصت منصرم مودی خانہ -	۳
۹	" جج صاحب -	۳
۱۰	انتظام عارضی بسلسلہ رخصت صاحب جج بہادر -	۳
۱۱	تقرر صدر ریختگان -	۳
۱۲	تقرر مدرس مدرسہ سہارا	۳
۱۳	توسیع مدت ملازمت مدرس دوم شاہ آباد -	۳
۱۴	نقشہ حیات و ممات	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۲ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

مسل رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارۂ منظوری رخصت دس یوم عبدالعلیم خان نائب منصرم فیلخانہ بوجہ علالت من ابتدا ۱۰ جنوری سنہ حال۔

حکم

رخصت دس یوم مندرجہ رپورٹ منظور ہے۔ کاغذ واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۴ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

مسل رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر بابت منظوری رخصت مزید ۱۰ یوم چھیلا خان منصرم مہمانخانہ بوجہ علالت بسلسلہ سابقہ

حکم

مزید دس یوم کی رخصت مزید موجب رپورٹ بسلسلہ سابقہ چھیلا خان منصرم مہمانخانہ کی منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

محکمہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۲۳ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

حکم ہوا کہ

بنظر مناسب

(۱) میجر سید محمود شاہ کمانڈنگ افسر فرسٹ انفنٹری کو ریٹائر کیا جائے - اور بابدولت اقبال کے اسٹاف میں بطور اے ڈی سی تبدیل کیا جائے - چونکہ وہ جنگ عظیم میں فیلڈ سروس پر بھیجے گئے تھے - لہذا پچاس روپیہ ماہوار پنشن دیجائے اور اے ڈی سی کی ڈیوٹی کا پچاس روپیہ ماہوار الاؤنس علاوہ پنشن کے دیا جائے -

(۲) کپتان دلاور حسین خان سیکنڈ ان کمانڈ فرسٹ انفنٹری میجر سید محمود شاہ کی جگہ زمرہ مذکور میں کمانڈنگ افسر مقرر کیا جائے - اور میجر کا رینک دیا جائے - اور دو سو روپیہ ماہوار تنخواہ اور بارہ روپیہ ماہوار مصارف اسپ دئیے جائیں -

(۳) کپتان الطاف اللہ خان کمپنی کمانڈر سیکنڈ انفنٹری کو اسٹاف میں بطور اے ڈی سی بمشاہرہ ایکسو روپیہ ماہوار تبدیل کیا جائے -

(۴) میجر فضل احمد خان اے ڈی سی کو موجودہ تنخواہ پر سپرنٹنڈنٹ پرنسز ہاؤس ہولڈ مقرر کیا جائے - تنخواہ معصاحبان سے پائینگے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ٹھیکہ لکڑی

۲۴ر دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

مسعودہ کاغذات رپورٹ صاحب سکرٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ لکڑی فی روپیہ ۱ من پانچ سیر وکوئلہ فی روپیہ پچیس ۲۵ سیر مصارف باورچیخانہ جات خاصہ بنام قسیم خان من ابتدا نومبر سنہ ۱۹۲۹ء لغایت اکتوبر سنہ ۱۹۳۰ء -

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ لکڑی فی روپیہ ۱ من پانچ سیر وکوئلہ فی روپیہ پچیس ۲۵ سیر مصارف باورچیخانہ جات خاصہ تا یکسال بنام قسیم خان منظور ہے - بغرض اجراء احکام کاغذات واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

حکم صادر ہے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۲۵ر دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

منظوری ٹھیکہ ہیزم

۱۹ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

مسعودہ کاغذات سررشتہ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر دربارہ منظوری ٹھیکہ ہیزم بہ نرخ فی روپیہ تین من پانچ سیر بابت مصارف حمام ہائے قلعہ معلےٰ وخاص باغ بنام خورشید حسن خان عزیز حسن خان من ابتدا دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء لغایت نومبر سنہ ۱۹۳۰ء بشرائط سابقہ -

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ ہیزم مصارف حمام ہائے قلعہ معلےٰ وخاص باغ برائے یک سال از ابتداء دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء لغایت نومبر سنہ ۱۹۳۰ء بہ نرخ فی روپیہ تین من پانچ سیر بنام خورشید حسن خان عزیز حسن خان منظور ہے کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

از اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

حکم صادر ہے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۲۱ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

رخصت

۱۹ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

مثل تحریر صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر موسومہ جناب صاحب چیف سکرٹری بہادر دربارہ اسکے کہ سید علی رضی صاحب نگران باورچیخانہ جات ایک ماہ کی رخصت از تاریخ استفادہ سے اپنے بھتیجے کی لڑکی کی شادی کی وجہ سے خواستگار ہیں

حکم

پندرہ ۱۵ دن کی رخصت سید علی رضی نگران باورچیخانہ جات دیا جانا منظور ہے کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

حکم صادر ہے احکام ضابطہ جاری ہوں - ۲۱ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

دستخط صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

اضافہ

۲۲ر جنوری سنہ ۱۹۳۰ء

مثل عرضداشت صاحب سکرٹری بہادر صنعت وحرفت وتعمیرات دربارہ بیشی تنخواہ والاؤنس سواری مسٹر امیر احمد خان اسسٹنٹ انجینئر محکمہ برقی بوجہ کثرت کار کی تنخواہ -

حکم

امیر احمد خان اسسٹنٹ انجینئر بیشی برقی کی موجودہ تنخواہ میں پچیس ۲۵ روپیہ ماہوار اضافہ

منظور ہے ۔ احکام ضابطہ جاری ہون ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ جنوری ۱۹۳۲ء

مثبتہ رپورٹ کرنیل صاحب ہاؤس ہولڈ دربارہ منظوری رخصت پندرہ یوم یوسف علیخان منصرم مودیخانہ بضرورت علاج فرزند بسلسلہ رخصت سابقہ ۔

حکم

مزید رخصت پندرہ یوم بسلسلہ رخصت سابقہ منظور ہے ۔ کاغذات بغرض اجراء احکام واپس ہون ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۶ جنوری ۱۹۳۲ء

مثبتہ عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مورخہ ۲۰ جنوری ۱۹۳۲ء دربارہ منظوری رخصت چار ماہ منشی ارشاد اللہ خانصاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر من ابتدا ۱۵ فروری ۱۹۳۲ء بضرورت جانے بیت اللہ شریف برائے ادائے فریضہ حج بعطاء تنخواہ پیشگی ۔

حکم

بموجب رپورٹ منشی ارشاد اللہ خان ڈسٹرکٹ و سشن جج کی رخصت چار ماہ سفر حج کے لئے ۱۵ فروری سے منظور ہے ۔ ایام رخصت چار ماہ کی تنخواہ پیشگی دیدیجائے ۔ احکام ضابطہ جاری ہون ۔ عطاء تنخواہ پیشگی کے متعلق علیحدہ حکم بنام وبو الفنڈ جاری ہو ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

انتظام عارضی

۲۹ جنوری ۱۹۳۲ء

منشی ارشاد اللہ خان ڈسٹرکٹ و سشن جج کی رخصت چار ماہ مع تنخواہ بضرورت سفر حج منظور ہوئی ہے ۔ ایام رخصت مین اُنکے کام کا حسب صراحت ذیل انتظام کیا جاتا ہے ۔

۱ ۔ مولوی سید مہدی حسن چیف مجسٹریٹ قائم مقام ڈسٹرکٹ و سشن جج مقرر ہون ۔ پچاس روپیہ ماہوار الاونس علاوہ تنخواہ دیا جائے ۔

۲ ۔ صاحبزادہ سید علی مظفر خان بہادر اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول قائم مقام چیف مجسٹریٹ مقرر ہون ۔ پچاس روپیہ ماہوار الاونس علاوہ تنخواہ دیا جائے ۔

۳ ۔ منشی قاسم علی افسر آڈٹ اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول مقرر ہون ۔ علاوہ تنخواہ کے پچاس روپیہ ماہوار الاونس صیغہ عدالتین سے دیا جائے ۔ تنخواہ آڈٹ سے پائینگے ۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون ۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

تحریر اجلاس صاحب چیف سکریٹری بہادر ۔
واقع ۱۵ جنوری ۱۹۳۲ء

بخدمت شریف جناب ریونیو سکریٹری بہادر

جناب من

لفٹنٹ کرنل اعجاز علیخان صاحب کمانڈنگ افسر سکنڈ انفنٹری کی درخواست بحضور پرنور عالی دام اقبالہم کے ملاحظہ مین پیش ہوئی ۔ ارشاد ہمایون ہوا کہ لفٹنٹ کرنل اعجاز علیخان صاحب کے بھائی صفدر علیخان کو نائب تحصیلدار مقرر کر دیا جائے ۔ براہ کرم تنخواہ وغیرہ تجویز فرما کر کاغذات اجلاس ہمایون مین بھیجدیے جائین ۔

دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم احکام تقرر با ضابطہ جاری ہون ۔ اور حضور تحصیل مین تعیناتی کیجائے ۔ اور با جراء حکم جداگانہ نائب تحصیلداران تحصیلات کی تنخواہ بخشیگری سے دریافت ہو ۔

۲۰ جنوری ۱۹۳۲ء   دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۲ جنوری ۱۹۳۲ء

موضع سمار تحصیل شاہ آباد مین مدرسہ جدید جاری کرنیکی باشندگان کی درخواست ہے ۔ اقرار نامہ فراہمی طلباء و انتظام مدرسہ کا باشندگان نے تحریر کر دیا ہے ۔ تعداد مدرسین منظور شدہ اجلاس ہمایون مین گنجائش ہے لہذا اسمے دشاد علی ساکن کندر کی مڈل فیل کا تقرر دس روپیہ ماہوار تنخواہ پر امتحاناً برائے چھ ماہ مدرسہ سمار مین کیا جاتا ہے ۔

حکم ہوکہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو ۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۲۰ جنوری ۱۹۳۲ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس ، پرم شنکر مدرس دوم مدرسہ شاہ آباد کی مدت ملازمت غیر مستقل مین ۲۰ جنوری ۱۹۳۲ء سے آخر اپریل ۱۹۳۲ء تک توسیع کی گئی ۔ لہذا حکم ہے کہ نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو ۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور مین چھپکر شایع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ہفتہ اول ماہ فروری سنہ ۱۹۳۰ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷ار ۰۶ار ۷ار		۰۶ار	۰۶ار ۷ار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۵ار ۶ار		۵ار	۰۵ار			
نخود کس آمیز	۶ار ۰۶ار		۰۵ار	۶ار			
کس	۰۶ار ۷ار		۶ار	۰۶ار			
ماش	۵ار ۵ار		۵ار	۰۵ار			
مونگ	۴ار ۰۶ار		۵ار	۰۴ار			
مکا	۱۰ار ۰۱۰ار		۰۵ار	۰۱۰ار			
چنی	۱۱ار ۱۲ار		۰	۰۱۰ار			
کودھی	۸ار ۰۸ار		۰	۰			
مسور	۶ار		۶ار	۶ار			
ارہر	۵ار ۵ار		۷ار	۶ار			
برنج	۵ار ۵ار ۰۵ار		۵ار [illegible]	۰۵ار			
روغن زرد	۰ار		۰۰۰ار	۰۰۰ار			
روغن سیاہ	۱۰ار ۰۱ار		۰۱ار	۰۱ار			
روغن کنجد	۱۰ار		۰۱ار	۰۱ار			
نمک سانبھر	۰۱ار		۱۲ار	۹ار			
نمک لاہوری	۶ار		۶ار	۰			
قند سیاہ	۷ار ۰۷ار		۰۶ار	۰۵ار			
باجرہ	۸ار		۸ار	۰			

نقشہ گوشوارہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور ماہواری دسمبر سنہ ۱۹۲۹ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																		کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل بہ سبب مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل بہ سبب مذہب		تفصیل امراض							میزان [illegible]	
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۳۴	۸	۲۲	۴	۵۴	۴۲	۱۱	۳	۲	۲	۲	۲۱	۱۴	۲۶	۲۲	۳۶	۱۲	۰	۰	۰	۴۸	۰	۰	۰	۴۸	
گنج	۱۵	۵	۱۰	۱	۳۱	۲۵	۶	۵	۳	۱	۱	۸	۱۸	۱۳	۲۲	۳۱	۴	۰	۱	۲۸	۶	۰	۰	۰	۳۵	
حوالی شہر	۱۳	۱۵	۸	۱۲	۵۲	۲۱	۳۱	۱۲	۷	۵	۰	۱۴	۲۰	۳۸	۲۶	۳۴	۳۰	۰	۳	۰	۴۱	۰	۰	۰	۴۴	
عظیم نگر	۱۴	۶	۶	۴	۳	۲۲	۱۱	۳	۴	۰	۰	۴	۶	۱۰	۱۰	۱۲	۲	۰	۰	۰	۲۰	۰	۰	۰	۲۰	
شاہ آباد	۱۰	۴۶	۱۲	۴۴	۱۰۶	۲۲	۸۳	۴	۱۲	۱	۰	۲۸	۱۱	۳۶	۴۳	۲۱	۳۸	۰	۰	۰	۵۸	۰	۱	۰	۵۹	
[illegible]	۹	۵۰	۱۴	۳۵	۱۰۷	۲۱	۸۵	۸	۱۲	۲	۰	۱۱	۲۵	۲۷	۳۸	۲۰	۳۴	۰	۰	۵۸	۰	۰	۰	۰	۵۸	
ملک	۸	۵۱	۹	۳۸	۱۱۶	۱۴	۹۹	۱۴	۱۳	۰	۲	۳۱	۲۰	۵۸	۳۵	۱۵	۴۸	۰	۰	۰	۹۳	۰	۰	۰	۹۲	
بلاسپور	۵	۴	۴	۶	۱۴	۹	۸	۶	۷	۲	۲	۹	۱۲	۱۷	۲۱	۲۵	۱۳	۰	۰	۳۸	۰	۰	۰	۰	۳۸	
کیمری	۹	۳۰	۵	۲۳	۲۲	۱۳	۵۲	۹	۵	۴	۱	۲۳	۶۹	۳۷	۲۵	۱۷	۴۵	۱	۰	۷۱	۰	۰	۰	۰	۴۲	
سوار	۵۱	۴۰	۳۹	۲۸	۱۵۸	۹۰	۶۸	۲۰	۱۴	۴	۵	۵۷	۳۵	۸۰	۵۴	۸۱	۵۴	۰	۰	۰	۱۳۳	۲	۱	۰	۱۳۸	
ٹانڈہ	۲	۱۵	۱۴	۱۰	۵۹	۳۴	۲۵	۰	۵	۳	۲	۲۵	۲۳	۳۶	۳۰	۴۵	۲۱	۰	۰	۰	۲۶	۰	۰	۰	۲۶	
میزان	۱۸۰	۲۶۵	۱۲۱	۲۱۵	۸۰۱	۳۲۱	۲۸۰	۱۰۱	۸۷	۲۴	۱۵	۲۲۷	۲۰۶	۳۷۲	۳۰۸	۳۳۹	۳۴۱	۱	۲۰	۱۹۵	۴۸۷	۲	۲	۱	۱	

/